شاہد عزیز شاکر
ثالثہ کلیہ

# اقوال زریں

**نیت:** ۔ آپکی صحیح پہچان آپ کے اندر کا انسان ہے اسی نے عبادت کرنا ہے اور اسی نے بغاوت اور بدترین دشمنی، اس اندر کے انسان کا جو ارادہ ہے وہ آپ کی نیت ہے۔

**غرور:** ۔ اپنی بڑائی کسی بھی شعبہ زندگی میں بیان کرنا غرور ہے چاہے وہ شعبہ دین ہی کیوں نہ ہو ایمان اور غرور ایک دل میں اکٹھے نہیں ہو سکتے یا ایمان رہے گا یا غرور

**قوت:** ۔ سب سے بڑی قوت، قوت برداشت ہے۔

**خوبی:** ۔ دوسرے کی خامی آپ کی خوبی نہیں بن سکتی۔

**اصلاح:** ۔ وہ جو گنہگاروں سے نفرت کرتا ہے ان کی اصلاح کیا کرے۔

**تبلیغ:** ۔ دین کو پسندیدہ ظاہر کرنے کے لیے اپنا عمل پسندیدہ بناؤ دوسرے کا مزاج، اسکی عقل، اس کی ضرورت کو سمجھ کر اس کو تبلیغ کرو۔ ناسمجھ کے ہاتھوں میں صداقت کی لاٹھی دوسروں کو بدظن کردے گی۔

**غافل:** ۔ غافل کی آنکھ اس وقت کھلتی ہے جب بند ہونے کو ہوتی ہے۔

**نور:** ۔ زندگی کے بعد کام آنے والے چراغ، زندگی ہی میں جلائے جاتے ہیں۔

**زندگی:** ۔ زندگی ایک سایہ دار اور پھل دار درخت ہے جس کی سانس کی آری مسلسل بہت کچھ سمجھانا چاہتی ہے لیکن ہم نہیں سمجھتے۔

**اولاد:** ۔ اپنی اولاد کو ہم بہت کچھ سمجھانا چاہتے ہیں۔ لیکن وہ نہیں سمجھتی۔ ہماری اولاد بھی ہمیں بہت کچھ سمجھانا چاہتی ہے لیکن ہم نہیں سمجھتے۔

**دین:** ۔ اپنے دین کی سچائی کو لاٹھی نہ بناؤ۔

**منافقت** :۔ مومنوں اور کافروں میں بیک وقت مقبول ہونے کی خواہش۔
**توبہ** :۔ توبہ جب منظور ہو جاتی ہے تو یاد گناہ بھی ختم ہو جاتی ہے۔
**سکون** :۔ خالق کا گلہ مخلوق کے سامنے نہ کرو اور مخلوق کا شکوہ خالق کے سامنے نہ کرو سکون مل جائے گا۔
**خطرہ** :۔ جس خطرہ کا وقت سے پہلے احساس ہو جائے سمجھو کہ ٹل سکتا ہے اس کو روکنے کے لئے دعا ہتھیار ہے۔ اللھم و فقنا۔

بقیہ : اخبار الجامعہ

حسب سابق اس امتحان میں جامعہ ہذا کے طلباء کی ایک کثیر تعداد نے وقت کی قلت کے باوجود تیاری سے شرکت کی ہے اللہ انہیں کامیابیوں سے نوازے۔ (آمین)

## سیکنڈری سکول

میٹرک کامیابیوں اور اعلیٰ تعلیم کے حصول میں زینہ اول کی حیثیت رکھتی ہے۔ طلبائے جامعہ کی ایک بہت بڑی تعداد نے اس دفعہ امتحان میں شرکت کی۔ رب ذوالجلال سے دعا ہے کہ انہیں کامیابی سے نوازے۔

## امتحان فاضل عربی

سابقہ روایات کے مطابق امسال بھی طلباء کی بہت بڑی تعداد عربی فاضل کے امتحان میں شرکت کر رہی ہے۔ جس کا سہرا قابل قدر و صد احترام محترم جناب عبدالرشید خلیق صاحب فاضل مدینہ یونیورسٹی کے سر ہے۔ جو باوجود اس کے کہ معمول کے اسباق سے تھکے ہوئے ہوتے ہیں پھر بھی بعد از ظہر بڑی محنت سے تیاری کرواتے ہیں، دعا ہے کہ اللہ ان کے علم، عمل اور حیات میں برکت فرمائے اور طلباء کو کامیاب فرمائے۔ (آمین)